فوری ہدایات برائے جلسہ سالانہ قادیان 2014

برائے جملہ درخواست دہندگان/ریجنل/لوکل امراء وصدرانِ جماعت صاحبان

جلسہ سالانہ قادیان انشاءاللہ العزیز مورخہ 26، 27، 28 دسمبر 2014 بمقام قادیان، بھارت منعقد ہوگا۔ **اِمسال قادیان سے موصول ہونے والی ہدایات کی روشنی میں دعوت ناموں اور ویزوں کے حصول کے طریقِ کار میں گزشتہ سالوں کی نسبت اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں۔**

پہلے مرحلے میں درخواست دہندگان Online ویزافارم پُر کے Submit کریں گے اور اُس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے File Number جس کو Web File Number بھی کہتے ہیں کو FORM H میں دیگر کوائف کے ساتھ درج کر کے مرکز (بیت السبوح، فرانکفرٹ) ارسال کرینگے۔ یہ کوائف بغرض کلیئرنس بھارت ارسال کئے جائیں گے۔ FORM H اور دیگر ہدایات اِس بلیٹن میں موجود ہیں۔ اِس FORM کے تمام کالم پُر کرنے لازم ہیں۔ صدرانِ جماعت وحلقہ جات حسبِ ضرورت فوٹو کاپیاں کروالیں۔ **FORM H مرکز بھجوانے کی آخری تاریخ 10 اگست 2014 مقرر کی گئی تاہم آپ سے درخواست ہے کہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر جلد از جلد یہ فارم ارسال کردیں۔ یہ بھی نوٹ فرمالیں کہ بھارتی حکومت کی طرف سے نیلا اسائلم پاسپورٹ رکھنے والوں کو بھارت کا ویزا اپلائی کرنے کی اجازت نہیں۔** دوسرے مرحلے میں درخواست دہندگان کو دعوت نامے اور مزید ہدایات بھجوائی جائیں گی تا کہ وہ پہلے سے پُر شدہ ویزا فارم مطلوبہ کاغذات کے ساتھ بھارتی سفارتخانے کی مقرر کردہ ایجنسی میں جمع کرا سکیں۔

Internet کے ذریعہ Online ویزا فارم پُر کرنے اور Submit کرنے کے لئے https://indianvisaonline.gov.in/visa/ استعمال کریں۔ اِس ویزا فارم میں درج کرنے کے لئے ضروری معلومات اس خط کی پُشت پر موجود ہیں۔ آن لائن فارم پُر کر کے Submit کا بٹن دبانے کے بعد آپ کو ایک File Number جو DEU سے شروع ہوتا ہے مل جائے گا۔ اس نمبر کو Web File Number بھی کہتے ہیں جو Printed فارم کی بائیں جانب Margin میں نیچے سے اوپر درج ہوتا ہے۔ پُر شدہ فارم کے کم از کم تین سیٹ Print کر کے اپنے پاس سنبھال کر رکھ لیں۔

یہ ہدایات اور FORM H جملہ صدرانِ جماعت اور ریجنل و لوکل امراء صاحبان کو ارسال کر دی گئی ہیں اور جماعت کی ویب سائٹ www.ahmadiyya.de/events پر بھی موجود ہیں۔ اگر کوئی وضاحت درکار ہو تو شعبہ امورِ خارجہ سے رابطہ کریں۔ عندالضرورت مکرم رفیع اللہ خان صاحب، اسسٹنٹ نیشنل سیکرٹری امورِ خارجہ سے بھی فون نمبر 0177-7984-371 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ شکریہ۔

راجہ محمد یوسف خان

ایڈیشنل نیشنل سیکرٹری امور خارجہ

ٹیلی فون نمبر: 069-50688641

21.05.2014